**26.03.2025**

**2115 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شبانہ بیگم

Music

.............................................................................

☆ پارلیمنٹ نے بینکاری قوانین ترمیمی بل 2024 کو منظوری دے دی ہے۔

☆ دفاع کی وزارت فوج کی کارروائی کرنے سے متعلق صلاحیت بڑھانے کی خاطر چھ ہزار 900 کروڑ روپے مالیت کی جدید طرز کی توپیں اور فوجی گاڑیاں خریدے گی۔

☆ بھارت نے بین الاقوامی مذہبی آزادی سے متعلق امریکی کمیشن کو تشویش کا ایک ادارہ قرار دیا ہے اور مذہبی آزادی پر اُس کی رپورٹ کو سیاسی اغراض پر مبنی قرار دیا ہے۔

☆ سینکڑوں فلسطینیوں نے اسرائیل کے ساتھ جنگ کے خاتمے کا مطالبہ کرتے ہوئے حماس کے خلاف احتجاج کیا ہے۔

☆ اور IPL کرکٹ میں...... گوہاٹی میں کولکاتہ نائٹ رائڈرس اور راجستھان رائلز کے درمیان میچ جاری ہے۔

.............................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

## RS - Banking

پارلیمنٹ نے بینک کاری قوانین ترمیمی بل 2024 منظور کرلیا ہے۔ راجیہ سبھا نے بھی آج اسے منظوری دے دی۔ لوک سبھا پہلے ہی اس بل کو منظور کرچکی ہے۔

مذکورہ بل میں ریزرو بینک آف انڈیا ایکٹ 1934، بینکاری انضباطی ایکٹ 1949، اسٹیٹ بینک آف انڈیا ایکٹ 1955، بینکنگ کمپنیوں کو تحویل میں لینے اور منتقل کرنے سے متعلق ایکٹ 1970 اور 1980 کے ایکٹ میں ترمیم کی بات کہی گئی ہے۔

مذکورہ بل میں کسی ایک بینک کھاتے میں Nominee کی تعداد بڑھاکر چار تک رکھنے کی بات کہی گئی ہے، جبکہ فی الحال ایک Nominee کی گنجائش ہے۔ مذکورہ بل میں بینکوں کو اپنے آڈیٹر کی اجرت طے کرنے کا اختیار دیا گیا ہے۔

بل پر بحث کا جواب دیتے ہوئے مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا کہ سرکار نے ملک میں بینکاری شعبے کو مستحکم بنانے کے لئے کئی اصلاحات کی ہیں۔

(2100- Nirmala on Banking)

کئی ارکان نے مذکورہ بل پر بحث میں حصہ لیا۔ ان میں کانگریس کے شکتی سنگھ گوہل، BJP کے ارون سنگھ، DMK پارٹی کے راجیش کمار، عام آدمی پارٹی کے راگھو چڈھا،آل انڈیا انا ڈی ایم کے پارٹی کے تھمبی دورئی اور ترنمول کانگریس کے ساکیت گوکھلے شامل ہیں۔

بعد میں ایوان کا کام کاج مکمل ہونے کے بعد راجیہ سبھا کے ڈپٹی چیئرمین ہری ونش نے ایوان کی کارروائی ملتوی کردی۔

## LS- Tribhuvan

لوک سبھا نے Tribhuvan سہکاری یونیورسٹی بل 2025 منظور کرلیا ہے۔ مذکورہ بل میں انسٹی ٹیوٹ آف Rural منیجمنٹ آنند کو ایک یونیورسٹی کے طور پر قائم کرنے کی بات کہی گئی ہے، جسے Tribhuvan سہکاری یونیورسٹی کہا جائے گا اور یہ قومی اہمیت کا حامل ادارہ ہوگا۔

یہ ادارہ امداد باہمی شعبے میں تکنیکی اور انتظامی تعلیم اور تربیت فراہم کرے گا، امداد باہمی تحقیق اور ترقی کو بڑھاوا دے گا اور عالمی سطح کے معیارات قائم کرے گا تاکہ Sahakar se Samridhi کے نظریے کو عملی شکل دی جاسکے۔ اس سے اداروں کے نیٹ ورک کے توسط سے ملک میں امداد باہمی تحریک کو مستحکم بنایا جاسکے گا۔

مذکورہ بل پر بحث کا جواب دیتے ہوئے امداد باہمی محکمے کے مرکزی وزیر امت شاہ نے کہا کہ مذکورہ بل سے دیہی معیشت کو تقویت پہنچائی جاسکے گی اور خود روزگار کے مواقع فراہم کرنے اور چھوٹا کاروبار کرنے والے افراد کی مدد کرنے میں سہولت ہوگی۔ وزیر موصوف نے کہا کہ Tribhuwan سہکاری یونیورسٹی کا نام Tribhuvan بھائی پٹیل کے نام پر رکھا گیا ہے، جنھوں نے گجرات میں Amul کمپنی کی بنیاد رکھی تھی۔ جناب امت شاہ نے کہا کہ امداد باہمی ایک ایسا شعبہ ہے جو ملک میں ہر کنبے کو جوڑتا ہے۔

(New 2100 F. Amit Shah on Cooperative)

وزیر موصوف نے مزید کہا کہ سرمایے کے بغیر کسی شخص کو کاروبار سے جوڑنے کا واحد راستہ، امداد باہمی شعبہ ہے اور کروڑوں افراد محض سو - سو روپے کے سرمائے کے ساتھ اپنا کام شروع کررہے ہیں اور ایک دوسرے کے ساتھ منسلک ہورہے ہیں۔

کئی ارکان نے اس بحث میں حصہ لیا۔ ان میں کانگریس، BJP اور سماجوادی پارٹی کے ارکان شامل ہیں۔

## LS- Vaishnow

الیکٹرانکس اور IT محکمے کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ سرکار نے سائبر جرائم کی روک تھام سے متعلق بھارتی تال میل مرکز کی رپورٹ کے بعد انفارمیشن ٹیکنالوجی کے متعلقہ ضابطوں کے تحت ایک ہزار 410 گیمنگ سائٹس کو بلاک کردیا ہے۔ آج لوک سبھا میں ضمنی سوالوں کا جواب دیتے ہوئے جناب ویشنو نے کہا کہ سٹے بازی اور گیمنگ ایسے معاملات ہیں، جو ریاستی فہرست کے دائرے میں آتے ہیں اور ریاستی سرکار کو اس کے لئے ایک قانونی

فریم ورک تیار کرنے کا اختیار ہے۔

(2100- Ashwani Vaishnov / Gaming)

**LS- Fake News**

مرکزی سرکار کے حقائق کا پتہ لگانے والے شعبے نے پچھلے تین سال میں ڈیڑھ ہزار سے زیادہ فرضی خبروں کی نشاندہی کی ہے۔ لوک سبھا میں ایک سوال کے تحریری جواب میں اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ 72 ہزار سے زیادہ جانکاریاں طلب کرنے کے پیغامات موصول ہوئے۔

**Defence Contract**

دفاع کی وزارت فوج کی کارروائی کرنے سے متعلق صلاحیت بڑھانے کی خاطر چھ ہزار 900 کروڑ روپے مالیت کی جدید طرز کی توپیں اور فوجی گاڑیاں خریدے گی۔ اس کے لئے بھارت Forge لمیٹڈ اور Tata Advansed System Limited کے ساتھ کانٹریکٹ پر دستخط کئے گئے۔ اس طرح دفاع کی وزارت نے موجودہ مالی سال کے دوران ایک لاکھ 40 ہزار کروڑ روپے مالیت کے ساز و سامان کی سرکاری خرید کو حتمی شکل دے دی ہے۔

**PM TB**

وزیر اعظم نریندر مودی نے ملک سے تپ دق کی بماری کے مکمل خاتمے کے بھارت کے کثیر جہتی مشن میں تعاون کرنے والے سبھی فریقین کی دل سے ستائش کی ہے۔ مرکزی وزیر صحت جے پی نڈا کے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر ردِ عمل کا اظہار کرتے ہوئے جناب مودی نے ایک تندرست اور تپ دق سے پاک بھارت کی راہ ہموار کرنے کے لیے بنیادی سطح کی کوششوں کی بڑھتی ہوئی رفتار پر زور دیا۔ تپ دق کے خلاف لڑائی میں شامل سبھی کی تعریف کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ ٹی بی کے خلاف لڑائی کو مضبوط کرنے اور ٹی بی سے پاک بھارت کی تعمیر سے صحت مند ملک کے مقصد کو یقینی بنایا جا سکتا ہے۔x

**Chattisgarh**

چھتیس گڑھ کے سُکما ضلعے میں آج 9 ماؤنوازوں نے خودسپردگی کردی۔ اِن میں چھ خواتین بھی شامل ہیں۔ اُنھیں پکڑنے کے لئے مجموعی طور پر 26 لاکھ روپے کے انعام کا اعلان کیا گیا تھا۔ بتایا گیا ہے کہ یہ ماؤنواز کئی بڑے واقعات میں ملوث رہے ہیں۔x

**BJP Saugat E Modi**

بی جے پی اقلیتی مورچے نے ''سوغاتِ مودی'' مہم شروع کی ہے۔ اِس مہم کا مقصد عید سے پہلے ملک بھر میں پچھڑے ہوئے 32 لاکھ مسلمانوں کو خصوصی کٹس تقسیم کرنا ہے۔ اِس مہم کا مقصد اِس بات کو یقینی بنانا ہے کہ غریب مسلم کنبے کسی پریشانی اور تکلیف کے بغیر یہ تہوار مناسکیں۔ بی جے پی اقلیتی مورچے کے قومی صدر جمال صدیقی نے آکاشوانی نیوز سے گفتگو کرتے ہوئے یہ جانکاری دی۔ انہوں نے اِس مہم کی تفصیلات بتاتے ہوئے یہ بھی کہا کہ رمضان المبارک کے مہینے اور آئندہ آنے والے عید، گڈ فرائیڈے، ایسٹر، بیساکھی، نوروز اور بھارتی نئے سال جیسے موقعوں پر اقلیتی محاذ ''سوغاتِ مودی'' کے ذریعہ ضرورتمند افراد تک رسائی حاصل کرے گا۔ انہوں نے بتایا کہ مہم کے حصے کے طور پر اقلیتی مورچے کے 32 ہزار ورکر ملک بھر میں 32 ہزار مسجدوں کے توسط سے ضرورتمند افراد سے رابطہ

قائم کریں گے۔x

## Eve Bihar NDA Meet

بہار کے NDA رہنما، BJP کے رکن پارلیمنٹ سنجے جیسوال کی نئی دلّی میں واقع رہائش گاہ میں ایک عشائیے پر ایک میٹنگ کیلئے جمع ہوئے ہیں، جس میں BJP کے صدر جے پی نڈا، ریاست کے سینئر BJP رہنما اور JD(یو)، LJP (آر)، ہندوستانی عوامی مورچہ (سیکولر) اور راشٹریہ لوک مورچہ کے سینئر رہنماؤں نے بھی بہار کے NDA رکن پارلیمنٹ کے ساتھ اس میٹنگ میں شرکت کی۔ یہ میٹنگ، جو آئندہ ہونے والے بہار اسمبلی انتخابات کے سلسلے میں ہو رہی ہے، کا مقصد ریاست میں اتحادیوں کے ساتھ تال میل کو بہتر بنانا ہے۔

اس سے پہلے صحافیوں سے بات کرتے ہوئے مرکزی وزیر اور LJP(R) کے چیف چراغ پاسوان نے میٹنگ کے دوران کہا کہ سبھی رہنما بہار میں ہونے والے آئندہ اسمبلی انتخابات کے سلسلے میں حکمتِ عملی پر تبادلۂ خیال کریں گے۔x

## MEA USCRIFE Report

وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ بین الاقوامی مذہبی آزادی سے متعلق امریکی کمیشن کو تشویش کا ایک ادارہ نامزد کیا جانا چاہئے۔ مذکورہ ادارے کی جانب سے حال ہی میں جاری کی گئی 2025 کی سالانہ رپورٹ کو مسترد کرتے ہوئے وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ بین الاقوامی مذہبی آزادی سے متعلق امریکی کمیشن جانبدارانہ اور سیاسی اغراض پر مبنی جائزہ جاری کرنے کی اپنی روِش جاری رکھے ہوئے ہے۔

مذکورہ کمیشن نے اپنی رپورٹ میں یہ دعویٰ کیا ہے کہ سال 2024 میں بھارت کے اقلیتوں کے خلاف حملوں میں اضافہ ہوا ہے۔ جناب جیسوال نے کمیشن کی اس طرح کی رپورٹ کے بعد کہا کہ امریکی ادارہ اِکا دُکا واقعات کو غلط ڈھنگ سے پیش کرنے اور بھارت کے متحرک کثیر ثقافتی معاشرے کو غلط ڈھنگ سے پیش کرنے کی لگاتار کوشش کرتا رہا ہے، جس سے مذہبی آزادی کے تئیں حقیقی تشویش کی بجائے ایک دانستہ ایجنڈے کی عکاسی ہوتی ہے۔

ترجمان نے اس بات کو بھی اجاگر کیا کہ بھارت 140 کروڑ کی آبادی والا ملک ہے اور یہاں سبھی مذاہب کے لوگ آباد ہیں۔

## JAI SHANKAR - USCC CEO MEET

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے امریکہ کی Chamber of commerce and CEO، Suzane clark سے نئی دلّی میں ملاقات کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ میٹنگ کے دوران انھوں نے تجارت، سرمایہ کاری، لچکدار سپلائی چین کی تشکیل اور دونوں ملکوں کے درمیان اسٹراٹجک شراکت داری کو مضبوط کرنے جیسے موضوعات پر بامعنی تبادلہ خیال کیا۔x

## EAM Asia Society

وزیرخارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ اختلافات کو تنازعات نہیں بننا چاہئے اور مقابلے کو ٹکراؤ کی شکل اختیار نہیں کرنی چاہئے۔ انھوں نے نئی دلی میں ایشیا سوسائٹی کے چیف ایگزیکیٹو افسر اور صدر ڈاکٹر kyung- wha Kang کے ساتھ گفتگو میں بھارت - چین تعلقات پر اظہار خیال کرتے ہوئے یہ بات کہی۔

ڈاکٹر جے شنکر نے زور دے کر کہا کہ پچھلے سال اکتوبر کے بعد سے دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات میں کچھ بہتری آئی ہے اور دونوں ہی ممالک اپنے رشتوں کے مختلف پہلوؤں پر کام کررہے ہیں۔

(2100 Jaishankar)

## US Election Refoems

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے امریکی چناؤ نظام میں اصلاحات کے لئے اپنے ایگزیکیٹیو آرڈر میں بھارت اور برازیل کا حوالہ دیا ہے۔ مذکورہ آرڈر میں اس بات کو اُجاگر کیا گیا ہے کہ بھارت اور برازیل میں ووٹر شناخت کو بایومیٹرک Database سے منسلک کیا جاتا ہے، جبکہ امریکہ شہریت کیلئے ازخود تصدیق پر انحصار کرتا ہے۔

یہ بات قابل ذکر ہے کہ بھارت کا انتخابی کمیشن ووٹر کارڈس کو آدھار کے ساتھ جوڑنے کے امکانات تلاش کررہا ہے، جس میں بایو میٹرک Database بھی شامل ہے۔ x

## Gaza Protest

سینکڑوں فلسطینیوں نے اسرائیل کے ساتھ جنگ کے خاتمے کا مطالبہ کرتے ہوئے شمالی غزہ میں حماس کے خلاف مظاہرے کئے۔

مقامی میڈیا کی اطلاعات کے مطابق غزہ پٹی کے شمالی حصے میں انڈونیشیا اسپتال کے سامنے یہ مظاہرے کئے گئے۔ رپورٹس کے مطابق کچھ مظاہرین بینرز لئے دیکھے گئے، جن پر دیگر نعروں کے ساتھ جلی حروف میں لکھا تھا: Stop the War۔

غزہ پٹی کو 17 ماہ سے جاری جنگ کے سبب تباہی کا سامنا ہے۔ مزید یہ کہ اس ماہ کی 2 تاریخ کو اسرائیل کے ذریعے فلسطینی کیلئے امداد بلاک کرنے کے بعد انسانی صورتحال مزید ابتر ہوگئی ہے۔ اسرائیل کی جانب سے یرغمالوں کی رہائی کیلئے فلسطینی پر دباؤ بنانا جاری ہے۔ x

## BIMSTEC Delegation

BIMSTEC ملکوں کے 17 ارکان پر مشتمل وفد اور نمائندوں نے تجارت سے متعلق صلاحیت سازی میں سہولت پیدا کرنے کے دوسرے پروگرام کے تحت آج بنگلہ دیش کی سرحد سے متصل اگرتلہ مربوط جانچ چوکی کا دورہ کیا۔ مندوبین کو کاروباری مسافروں کی نقل و حرکت، زیرو لائن، مال برداری کی سہولت کے علاقے اور مسافروں کی سہولت کے بندوبست سے واقف کرایا گیا۔

بعد میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے بین الاقوامی اقتصادی تعلقات سے متعلق تحقیق کی بھارتی کونسل کے ریسرچ اسسٹینٹ Nirlipta Rath نے کہا کہ اگرتلہ کا تجارتی مرکز ایک بڑا رابطہ مرکز ہے اور بھارت راہداری کے ایک ایسے اہم مقام کے طور پر سہولت پیدا کرسکتا ہے، جہاں نیپال اور بنگلہ دیش سے بھارتی علاقے تک سڑکیں بنائی جاسکتی ہیں اور جنوب مشرقی ایشیائی ملکوں تک رابطہ قائم ہوسکتا ہے۔x

## Russia Ceasfire

روس نے کہا ہے کہ یوکرین کے ساتھ بحری جنگ بندی کے آغاز سے پہلے اس پر سے مغربی ممالک کی طرف سے پابندیاں ہٹائی جانی چاہئیں۔

امریکہ نے اعلان کیا تھا کہ یوکرین اور روس نے علیحدہ علیحدہ معاہدوں میں بحیرۂ اسود میں حملے روکنے سے اتفاق کیا ہے۔ اس اعلان کے چند گھنٹے بعد ہی روس نے کہا ہے کہ ایسا اسی وقت ممکن ہے جب روس کے بینکوں پر عائد پابندیوں کو ہٹایا جائے۔ اس کی جانب سے مطالبات میں ملک کے سرکاری بینک Rosselkhoz پر سے پابندیاں ہٹانا اور بین الاقوامی ادائیگی کے نظام Swift تک اس کی رسائی کو بحال کرنا ہے۔

دوسری طرف یوروپی یونین نے کہا ہے کہ روس پر سے پابندیاں ہٹانے کیلئے یوکرین کے پورے علاقے سے روس کی تمام فوج کی بلاشرط واپسی لازمی ہے۔

اس دوران یوکرین کے حکام نے کہا ہے کہ روس نے بندرگاہ شہر Mykolaivh پر رات بھر ڈرونز سے حملے کئے۔ x

## South Korea Fire

جنوبی کوریا کے جنوب مشرقی خطے میں کئی علاقوں میں جنگل کی آگ سے تباہی کا سلسلہ جاری ہے اور کم از کم 24 افراد مارے گئے ہیں۔ حکام کے مطابق 26 افراد زخمی ہوئے ہیں اور ان میں سے 12 کی حالت نازک بتائی گئی ہے۔

جنگلاتی علاقے میں آگ لگنے کی وجہ سے 23 ہزار سے زیادہ افراد کو اپنا گھر بار چھوڑنا پڑا ہے۔ آگ پر قابو پانے کے لئے آگ بجھانے والے عملے کے ہزاروں اہلکاروں اور تقریباً پانچ ہزار فوجی اہلکاروں کو متعین کیا گیا ہے۔ اِن میں کوریا میں تعینات امریکی فوج کے ہیلی کاپٹر بھی شامل ہیں۔ x

## PM Separk TAR

وزیر اعظم نریندر مودی نے بہار پٹنہ میں منعقد ہوئےSepak Takraw عالمی کپ 2025 میں بھارتی دستے کی بہترین کارکردگی پر انہیN مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا کہ مردوں کی Pegu ٹیم نے بھارت کیلئے پہلا سونے کا تمغہ حاصل کرکے تاریخ رقم کی ہے۔ جناب مودی نے ملک کیلئے 7 تمغے لانے کیلئے بھارتی دستے کی ستائش کی۔ نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے بھی Spak Takraw ورلڈ کپ 2025 میں بھارت کی ٹیم کے ذریعے 7 تمغے حاصل کئے جانے پر مبارکباد دی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر مانڈویا نے کہا کہ اس مقابلے میں پہلی مرتبہ بھارت کے لئے سونے کا تمغہ حاصل کرنے کےتعلق سے مردون کی ٹیم کیلئے ایک باعث فخر ہے۔x

## Khelo India Para Gems

دلی میں جاری کھیلو انڈیا پیرا گیمس کے آج ساتویں دن پاور لفٹرس اور ٹیبل ٹینس کھلاڑیوں نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور ایک دوسرے سے سخت مقابلہ کیا۔

پاور لفٹنگ میں جسپریت کور نے 45 کلو گرام کے زمرے میں، منیش کمار نے 57 کلو گرام کے زمرے میں، سیما رانی نے 61 کلو گرام کے زمرے اور جھنڈو کمار نے 72 کلو گرام کے زمرے میں کُل چار قومی ریکارڈ بنائے ہیں۔ آج مردوں کی Elite ٹیم میں 107 کلو گرام سے زیادہ کے زمرے میں پردیپ جان نے سونے کا، ندیم نے چاندی کا اور شیام سنگھ نے کانسے کا تمغہ جیتا۔

79 کلو گرام کے زمرے میں خواتین کی Elite ٹیم میں Sahista نے سونے کا تمغہ، Gitika شرما نے چاندی اور سنیتا دھوبھی نے کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔ اس کے ساتھ ہی پیرا پاور لفٹنگ مقابلہ آج صبح ختم ہوگیا۔

پیرا ٹیبل ٹینس میں Rishi Nathwani نے ابھیشیک کمار کو صفر-3 سے ہراکر سونے کا تمغہ جیتا۔ ایک دیگر فائنل میچ میں Sumit Sehgal نے Jaswant کو ہراکر سونے کا تمغہ جیتا۔

تمغوں کی کل فہرست میں ہریانہ سب سے آگے ہے۔ اس کے بعد تمل ناڈو دوسرے مقام پر ہے، جبکہ اترپردیش تیسرے مقام پر ہے۔ x

**IPL**

گوہاٹی میں، IPL کرکٹ میں راجستھان رائلز نے کولکاتہ نائٹ رائڈرس کے سامنے152 رن کا نشانہ رکھا ہے۔

اس سے پہلے کولکاتہ کی ٹیم نے ٹاس جیت کر راجستھان رائلز سے بلے بازی کرنے کو کہا اور راجستھان کی ٹیم نے مقررہ 20 اوورس میں 9 وکٹ پر 151 رن بنائے۔

کل احمد آباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں پنجاب کنگس نے گجرات ٹائٹنس کو 11 رن سے شکست دی ہے۔ x

☆☆☆☆☆☆